''تہران میں سفیر پاکستان یم بی عباسی اور مسز عباسی نے کلیّاتِ غالبؔ فارسی کی رونمائی کی''

(خصوصی رپورٹ)

تہران میں مقیم پاکستانی سفیر ہزاکسیلنسی جناب یم۔بی۔عباسی اور مسز عباسی نے ایمبیسڈر ہاؤس میں ڈاکٹر تقیؔ عابدی کے اعزاز میں ایک عالیشان تقریب منعقد کی جس میں ایک بڑی تعداد میں پاکستانی اور ایرانی ادبی اور سیاسی عہدیدار شامل تھے۔سفیرمحترم جناب عباسی نے افطار کی ضیافت کے بعد اس باشکوہ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ڈاکٹر تقیؔ عابدی کی علمی ادبی کاوشوں کی تعریف کی اور کلیّاتِ غالبؔ فارسی کو ان کی جانب سے عظیم تحفہ بتایا۔

سفیرمحترم جناب عباسی نے کلیّات غالبؔ فارسی مطبوعہ غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی کی مطبوعہ دو جلدوں کی رونمائی کی جب کہ مسز عباسی صاحبہ نے کلیّات غالبؔ فارسی کی مطبوعہ تہران کی نقاب کشائی کی۔اس تقریب میں ایران کے سفیرمقیم اسلام آباد ڈاکٹر ماشاء اللہ شاکری بھی شریک تھے۔ ڈاکٹر شاکری نے غالبؔ کی فارسی غزل پڑھ کر محفل میں خاص سماں باندھ دیا۔ڈاکٹر شاکری اور ادارہ فرہنگ وہنر کے ڈائرکٹر جنرل جناب حسن مظفری نے بڑی تفصیل سے برصغیر میں فارسی شعروادب کا تذکرہ کیا جسے بہت پسند کیا گیا۔اس تقریب کے بعد ایرانی ٹی وی سحر کے اراکین نے ڈاکٹر تقیؔ عابدی، جناب سفیر محترم پاکستان عباسی، سفیر محترم ایران ڈاکٹر شاکری اور ڈائرکٹر جناب مظفری سے ڈاکٹر تقی عابدی کی خدمات اور کلیّات غالبؔ کے بارے میں تفصیلی پروگرام ریکارڈ کئے۔